SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, July 30, 1999

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr .Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ الذی خلق السمٰوٰت والارض وانزل من السمآء مآ ءً فاخرج بہ من الثمرٰت رز قالکم وسخر لکم الفلک لتجریَ فی البحر بامرہٖ وسخر لکم الانھٰر-وسخر لکم الشمس والقمر دآئبین و سخر لکم الیل والنھار- واٰتٰکم من کل ما سأ لتموہ وان تعدوا نعمت اللہ لا تحصوھا ان الانسان لظلوم کفار-

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا اور مہربان ہے

ترجمہ:

خدا ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا- اور آسمان سے مینہ برسایا- پھر اس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل پیدا کئے- اور کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیر فرمان کیا

تا کہ دریا (اور سمندر) میں اس کے حکم سے چلیں اور نہروں کو بھی تمہارے زیر فرمان کیا۔
اور سورج اور چاند کو تمہارے لئے کام میں لگا دیا کہ دونوں (دن رات) ایک دستور پر چل رہے ہیں۔
اور رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا۔ اورجو کچھ تم نے مانگا سب میں سے تم کو
عنایت کیا اور اگر خدا کے احسان گننے لگو تو شمار نہ کر سکو (مگر لوگ نعمتوں کا شکر نہیں کرتے)
کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا بے انصاف (اور) نا شکرا ہے ۔

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین ۔ جزاک اللہ ۔ Question Hour. Question No. 31 حبیب جالب بلوچ صاحب۔

31. * Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the Flood Mangement of Marri bugti Hill Torrent;and

(b) the funds released for the project during the said period?

Mr. Gohar Ayub Khan: (a) Rs. 10.00 million were allocated in Public Sector Development Programme (1998-99) for the Flood Management of Marri Bugti Hill Torrents.

(b) No funds have been released to the project as the Government of Balochistan could not spend the allocation of Rs. 10.000 million provided in the PSDP 1997-98. As per laid down procedure no release can be made until full utilization of the last released amount has been insured.

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ جناب چیئرمین ! میں نے Flood Management of Marri Bugti Hill Torrents کے بارے میں question کیا تھا کہ پچھلے سال Public Sector Development Programme 1998-99 میں اس ضمن میں کتنے funds رکھے گئے تھے تو جواب

میں مجھے بتایا گیا ہے کہ

Rs. 10.00 million were allocated in the Public Sector Development Programme for the Flood Management of Marri Bugti Hill Torrents.

اور پھر کہا کہ the funds released for the project during the said period انہوں کہا کہ

No funds have been released to the project as the Government of Balochistan could not spend the allocation of Rs. 10.00 million provided in the PSDP 1997-98. As per laid down procedure no release can be made until full utilization of the last released amount has been ensured.

جناب چیئرمین! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ پہلے تو یہ fund release نہیں کرتے کئی ایسے flood management programmes تھے مثال کے طور پر مکران میں اس کے لئے پانچ کروڑ روپے کا اعلان کیا، وہ ابھی تک release نہیں کئے صرف ڈیڑھ کروڑ کئے اور جو فنڈز رکھے تھے وہ بھی انہوں نے اس بہانے سے ریلیز نہیں کئے کہ صوبائی حکومت 98-1997 کے پیسے استعمال نہیں کر سکی تھی۔ اس لئے یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ وہ 99-1998 کے پیسے استعمال کرنے میں ناکام ہو جائیں گے۔ اس وجہ سے ہم نے انہیں فنڈز ریلیز نہیں کئے۔ یہ بھونڈی دلیل دی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ صرف دفتر شاہی طریق کار ہے بلوچستان کے حوالے سے کیا Planning & Development Division نے حکومت بلوچستان کو اس ضمن میں کوئی اطلاع کر دی ہے؟

جناب چیئرمین - آپ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ سے نہیں واٹر اینڈ پاور سے سوال پوچھیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ انہی سے پوچھ رہا ہوں کہ واٹر اینڈ پاور کی پلاننگ سیکشن نے حکومت بلوچستان سے اس ضمن میں کوئی میٹنگ کی؟ اگر میٹنگ کی ہے تو کیا اس کا ریکارڈ موجود ہے۔ اگر میٹنگ کی ہے تو یہ انہیں ترغیب دینے میں کیوں کامیاب نہیں ہو سکے اس کی وجوہات کیا ہیں؟

جناب گوہر ایوب خان- جناب چیئرمین! بڑی سادہ سی بات ہے کہ اگر دس ملین

allocate ہوتے ہیں اور وہ صوبہ استعمال ہی نہیں کر سکتا، انہیں استعمال کرنے کی کوئی move ہی نہیں کی جو ضروری چیز ہے تو اور فنڈز ریلیز کرنے سے کیا ہوگا۔ ان فنڈز کو استعمال کریں۔ جس طرح معزز سینیٹر نے کہا ہے کہ flood آیا تھا تو اس سلسلے میں اتنے ملین کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس میں سے ڈیڑھ کروڑ یا کچھ روپیہ دیا گیا۔ اگر اکٹھے فنڈز دیئے جائیں تو ایک دن میں تو سارے استعمال نہیں ہوتے، partially and by stages ہوتے ہیں۔ تو جو commitments ہیں وہ حکومت honour کرے گی لیکن جو فنڈز allocate ہوئے ہیں وہ استعمال تو کریں۔ show some progress.

جناب چیئرمین۔ ان کا سوال ہے کہ پچھلے سال استعمال نہیں ہوئے، how do you assume کہ اس سال بھی نہیں ہوں گے۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب والا! اگر میں روزانہ آپ کے سوالات کا جواب نہیں دے سکتا تو how will you assume کہ کل میں دینے شروع کر دوں گا۔

جناب چیئرمین۔ یہ بات بھی صحیح ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ وزیر موصوف سے میرا ضمنی سوال ہے کہ سیلاب کے مسائل سارے ملک میں ہیں۔ Flood پروگرام میں بہت پیسہ ہے، ارب ہا روپیہ ہے۔ یہ اب ہی نہیں بلکہ کافی عرصے سے چلا آ رہا ہے۔ آپ یقین کریں ہمارے پاس flood کو کنٹرول کرنے کا ایک منصوبہ بھی نہیں، کسی ڈویژن میں نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا کہ 1975 میں بہت بڑا سیلاب آیا تھا جس میں منچھر جھیل تک پانی گیا تھا اس flood میں سارا بلوچستان نصیر آباد ڈویژن سے لے کر سندھ لاڑکانہ تک تباہ ہوا۔ اب مکران ڈویژن میں flood آیا ہے آپ کے علم میں ہے کہ پچھلے سال کتنا بڑا سانحہ واقع رونما ہوا، کئی قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور کئی لوگ ابھی تک کھلے آسمان کے نیچے پڑے ہوئے ہیں۔ ابھی لورالائی، سنجاوی، دکی میں اموات بھی ہوئی ہیں اور مالی نقصان کے علاوہ بلڈنگز کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ میرا وزیر صاحب سے سوال ہے کہ flood protection programme سندھ، پنجاب اور پختونخواہ صوبے میں ہے، ہمارے پاس اس کی ایک بھی سکیم نہیں ہے، الٹا فرماتے ہیں کہ آپ پیسہ خرچ نہیں کر رہے تو میری ان سے گزارش ہے کہ جو ہمارا حصہ ہے وہ ہمیں ملے تاکہ ہم بھی flood سے بچیں۔

جناب چیئرمین- باقی صوبوں میں flood protection programme ہے' آپ کے لئے نہیں ہے۔

جناب گوہر ایوب خان- جناب چیئرمین! باقی صوبوں میں دریا ہیں' انڈس ہے کئی اور بھی ہیں جن کی کٹنگز ہوتی ہیں جس کی وجہ سے flood کمیشن erosion وغیرہ کو کنٹرول کرنے کے لئے ان کو فنڈز دیتا ہے اور سندھ میں خاص طور پر اس لئے کہ دریائے سندھ زمین کی سطح سے اونچا ہے' دریا کا bed اونچا ہے' اس کی embankments اونچی ہیں اور اگر بند بریک ہو جائے یا embankments بریک ہو جائیں تو اس پانی کو واپس لانا کافی مشکل ہوتا ہے اس لئے پنجاب اور سندھ میں کافی فنڈز دیئے جاتے ہیں۔ میں ڈاکٹر صاحب سے agree کرتا ہوں کہ correspondingly بلوچستان میں ایسا کوئی دریا نہیں ہے' flush floods ضرور ہوتے ہیں جس کے لئے relief دی جاتی ہے لیکن permanent نہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ ایک دریا میں یا جو bed ہے اس میں flush flood آ جائے جس طرح salt range میں یا پوٹھوار میں ہوتا ہے یا باقی علاقوں میں جہاں ان دریاؤں میں پانی نہیں ہوتا' بارہ ماہ کے دروان ایک بارش ہوئی' flush flood آیا' اس میں کافی نقصان ہوا۔ اس وقت صوبے naturally مرکز کو request کرتے ہیں اور مرکز جتنی aid ہو سکتی ہے دیتا ہے۔

جناب اکرم شاہ- جناب چیئرمین! وزیر صاحب کی یہ دلیل ہمارے لئے اطمینان بخش نہیں ہے' وہ کہتے کہ 98-1997 میں چونکہ پیسے خرچ نہیں ہو سکے لہذا ہم نے فرض کر لیا کہ۹۹-۱۹۹۸ میں بھی یہ خرچ نہیں کر پائیں گے۔ میرا ان سے دوسرا سوال یہ ہے کہ آیا یہ منصوبہ ترک کر دیا گیا ہے یا جاری ہے۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ بڑے بڑے دریا پنجاب اور سندھ میں بہتے ہیں تو وہاں پر ہمارے پاس flood protection کے پروگرام ہیں۔ ہمارے ہاں چونکہ پہاڑی علاقہ ہے' تو چھوٹی چھوٹی ندیاں بہت زیادہ نقصان کرجاتی ہیں۔ ان کے علم میں ہوگا کہ حال ہی میں سنجاوی میں جو بارشیں ہوئی ہیں ان سے وہاں پر بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ سنجاوی بڑا زرعی علاقہ ہے۔ وہاں پر سیب اور انار وغیرہ کے باغات ہیں۔ ان کے علم میں ہوگا کہ وہاں پر ندی اور نالوں سے جو پانی آیا ہے اس نے کافی نقصان کر دیا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ دوسروں صوبوں کی طرح ہمیں بھی مستقل flood protection programme کے لئے پیسہ چاہیئے۔ چنانچہ جس سکیم کا ذکر

ہو رہا ہے آیا وہ ختم ہو گئی ہے یا جاری ہے؛ کیا ہم آئندہ کے لئے کوئی توقع رکھیں کہ پیسے جاری کریں گے؛

تیسرا سوال یہ ہے کہ سنجاوی میں حالیہ سیلاب سے جو تباہ کاری ہوئی ہے' انہوں نے ان لوگوں کے لئے پیسے کا کوئی بندوبست کیا ہے یا وہاں پر کوئی کام کریں گے؛ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

جناب گوہر ایوب خان: جناب چیئرمین صاحب! میں recheck کر لوں گا کہ یہ سکیم چل رہی ہے یا نہیں کیونکہ اگر ایک پروجیکٹ ہوتا ہے تو اس کی شرائط ہوتی ہیں۔ اگر شرائط پر پورا اترے تو پھر funding ہوتی ہے۔ فرنٹیئر کے لئے Flood Commission میں جو اس کا ratio بنتا ہے اس کے پیسے اسی طرح صوبوں میں تقسیم ہوجاتے ہیں کیونکہ صوبہ سرحد میں بھی اسی طرح ہے۔ دریائے سندھ بھی ہے' کابل بھی ہے' سوات ہے اور باقی دریا بھی ہیں جن میں کافی erosion ہوتا ہے اور ان کی proportionate funding ہوتی ہے۔ جس ایریا کا معزز سینیٹر صاحب نے پوچھا ہے' میں check کر لوں گا کہ آیا صوبے نے demand کیا ہے یا نہیں ۔ صوبوں نے بھی کچھ کرنا ہوتا ہے۔ صوبوں کو بھی کچھ اقدامات کرنے پڑتے ہیں۔ اگر یہ چیز Flood Commission کے پاس یا میری منسٹری میں آئی ہو تو میں نے تو خود ابھی تک خود نہیں دیکھی ہے۔ Flood Commission سے میں check کر لوں گا۔

جناب چیئرمین ، جی رفیق شیخ صاحب۔

Mr. Rafiq Ahmad Sheikh: Thank you Mr. Chairman, what I have heard for the last few minutes, is a very sad commentary of the Government at the Federal level regarding its party's Government in a Province. I can well understand that at Federal level but political parties are one entity. What is their political party doing about the performance ofthe political party Government in Balochistan. It is a very sad commentary.

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, I don't think......

یہ پانی اور بجلی میں کہیں آتا ہی نہیں۔

جناب چیئرمین: جناب خدائے نور صاحب۔

جناب خدائے نور: جناب والا! مہربانی اور شکریہ۔ میرے دو بالکل چھوٹے اور مختصر سوال ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ مکران میں وزیر اعظم صاحب نے ۵ کروڑ روپے کا اعلان کیا۔ جس میں سے میرا خیال ہے کہ انہوں نے کوئی ڈیڑھ کروڑ روپے وہاں پر دیئے ہیں۔ آیا وہ بقایا ساڑھے تین کروڑ روپے دیں گے؟ یا وہ صرف ڈیڑھ کروڑ جو دیئے گئے ہیں ان پر ہی اکتفا کریں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ گوہر ایوب صاحب نے یہ کہا کہ گورنمنٹ آف بلوچستان نے ۱۰ ملین استعمال نہیں کئے ہیں۔ ہم نے اس کو جواز بناکر اگلے سال کے لئے پیسے نہیں دیئے۔ میں ان سے یہ پوچھوں گا کہ آپ نے ہمیں جو فنڈ دیا اس کی بات کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے فنڈز دیئے ہیں اور ہم نے استعمال کرنے کے لئے آپ کو سکیمیں دیں لیکن ان کا کوئی نتیجہ آج تک نہیں نکلا۔ تو آپ وہاں یہ جواز وہاں پیش کر رہے ہیں۔ ہمارا جواز پھر یہ ہے کہ شاید آپ ہمیں دے ہی نہیں رہے ہیں۔ اس کے بارے میں آپ کا کیا ارادہ ہے؟

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

جناب گوہر ایوب خان: جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ معزز سینیٹر صاحب جو بات کر رہے ہیں وہ اس موضوع پر نہیں ہے۔ یہ سپلیمنٹری نہیں ہے۔ It is villages electrification. 2.2 million کی on going schemes پر انشاء اللہ واپڈا کام کرے گا۔ باقی یہ ہوتا ہے کہ کچھ شرائط ہوتی ہیں۔ اگر شرائط پر کوئی سکیم پورا اترتی ہو تو خود بخود فنڈز فراہم ہوتے جاتے ہیں۔ آڈٹ ہوتا ہے۔ کچھ کام کیا جاتا ہے اس کے بعد مزید پیسے دیتے ہیں۔ اگر سب پیسے اکٹھے دیئے جائیں تو وہ استعمال بھی نہیں ہو سکتے سوائے بنک میں رکھنے کے۔ یہ ۱۰ ملین کو استعمال کریں، اس کو utilize کریں، performance دکھائیں۔

جناب چیئرمین: وہ کہہ رہے ہیں کہ جو سکیمیں سینیٹرز یا MNAs کو دی گئی تھیں تو ہم نے سارے فنڈز perform کئے ہیں۔ ہم نے سارے utilize کر دیئے ہیں۔ اب آئندہ بھی دیں۔ وہ یہ کہہ رہے ہیں۔ پھر تو ان کی بات ٹھیک ہوگئی ہے۔ پہلے بھی نہیں دی، اب بھی

نہیں دیں گے۔ پھر تو he is consistent.

جناب گوہر ایوب خان۔ نہیں، نہیں۔ وہ بات نہیں چیئرمین صاحب۔ بات یہ ہے کہ جو ongoing schemes ہیں، کیونکہ ابھی پاکستان میں 4,145 villages ایسے ہیں جو ongoing ہیں تو preference ان کو دی جائی گی۔ عموماً یہ ہوتا ہے چونکہ وہ ongoing schemes ان کی اپنی نہیں ہیں they are from the previous government یا کسی اور کی ہیں، اس لئے Parliamentarians کو تھوڑی بہت جھجک ہوتی ہے کہ ongoing schemes کسی اور individual کی ہوں یا MNA یا Senator یا previous government کی ہوں تو ان کے اوپر ان کے funds کیوں گئیں۔ I can realize. میں دیکھتا ہوں کہ ان کو پریشانی ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ بس اب کافی ہو گیا ہے۔

We will go to the next question No.32, Habib Jalib Baloch Sahib.

32. * Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the Saindak Copper Gold Project Chaghi; and

(b) the funds released for the project during the said period?

Ch. Nisar Ali Khan: (a) Rs. 638.457 million.

(b) Rs. 639.165 million.

Mr. Chairman: Supplementary question?

Mr. Habib Jalib Baloch: Yes, supplementary question. Mr. Chairman, sir, ...

جناب چیئرمین ۔ نہیں، اس کا جواب آپ دیں گے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! مجھے اطلاع ملی ہے کہ منسٹر صاحب اسلام آباد میں نہیں ہیں اور مجھے یہ اطلاع بہت لیٹ ملی ہے کہ وہ نہیں پہنچ سکتے ۔ انہوں نے آپ کو

مطلع کیا ہو گا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ یہ عجیب سی بات ہے کہ اجلاس شروع ہوتے ہیں تو منسٹرز اسلام آباد میں نہیں ہوتے۔ ہاؤس کے ساتھ یہ کیا مذاق ہے۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں میاں صاحب! آپ مجھے یہ بتائیں کہ اگر لیٹ اطلاع پہنچائی ہے تو کس نے پہنچائی ہے ۔

Who is responsible for this? Now we are all here today waiting for the Ministers to be here.

اب پتا چلتا ہے کہ وہ نہیں ہیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ کل کے بھی سارے سوالات ڈیفر ہو گئے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میرے خیال کے مطابق منسٹر صاحبان کو یہاں ہونا چاہئیے۔ میں آپ کی وساطت سے پھر ان سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ یہاں تشریف لائیں۔ مجھے جب رات کو اطلاع ملی تو میں نے ان سے کہا تھا کہ ------

Mr. Chairman: I must say, normally Nisar Ali Khan is here and he consciously

اپنا کام کرتے ہیں لیکن آج عجیب بات ہے کہ آخری وقت آپ کہہ رہے ہیں کہ وہ نہیں ہیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ کل بھی کوئی منسٹر نہیں تھا۔ کل بھی یہی ہوا اور سارے سوالات defer ہو گئے تھے۔ آج بھی وہی حال ہے۔

جناب چیئرمین ۔ کل تو اسحاق ڈار کا سوال تھا that we understand. He is luckily...

لیکن یہ آج بھی ہے، ہماری سمجھ میں تو نہیں آتا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ ہمارے points of order کتنے تھے، پارلیمنٹری افیئرز کے منسٹر صاحب نے کہا کہ کل آ کر وہ جواب دیں گے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ آج کے سوالات کے بارے میں، میں نے کوئی دو

تین دن پہلے منسٹر صاحبان سے رابطہ کیا تھا ۔ ان کے سوال میں نے تیار کر لئے ہیں ' ان کی جگہ پر میں جواب دوں گا لیکن یہاں سے ' ہاؤس سے فارغ ہونے کے بعد بڑا مشکل ہو جاتا ہے کہ آدمی اور سوالات تیار کر سکے ۔ تو یہ بہت لیٹ اطلاع ملی ہے۔ میں آپ سے استدعا کروں گا کہ اس کو next rota day پر رکھ لیں ۔

جناب چیئرمین ۔ لیکن دیکھیں راجہ صاحب! آپ ہیں' میاں صاحب! آپ ہیں۔ نہیں جی۔ وہ ٹھیک ہے کہ next rota day پر رکھ لیں لیکن دیکھیں سارا ہاؤس بیٹھا ہوا ہے۔ یہ لوگ سوالات اس لئے دیتے ہیں کہ جوابات ملیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ یہ بڑی تکلیف دہ بات ہے۔

جناب چیئرمین ۔ اس کا کوئی علاج ہونا چاہیئے۔ اب راجہ صاحب is the Leader of the House,

آپ منسٹر ہیں' Prime Minister کو بتا سکتے ہیں' Ministries کو آپ tighten up کریں کہ اگر کوئی وزیر کسی وجہ سے' ناگزیر وجوہات کی بناء پر نہیں آ سکتے تو in time اطلاع دی جائے تاکہ کوئی اور وزیر اس کی جگہ جوابات دے سکے۔

It is a mutual adjustment but this is regrettable that at the last minute we are told that

جی نہیں ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میں اس کے لئے پوری کوشش کروں گا۔

Mr. Chairman: Akram Shah Sahib on point of order.

Mr. Akram Shah Khan: Sir,

وٹو صاحب سے گزارش ہے کہ یا تو ہمیں یہ بتا دیں کہ فلاں فلاں منسٹری کے بارے میں آپ question نہ کریں ' ان وزیروں کو ہم حاضر نہیں کر سکتے ہیں ۔ ایک۔

دوسری بات یہ ہے کہ وٹو صاحب پارلیمانی امور کے وزیر ہیں ' وہ ہمیں ٹھیک جواب دیتے ہیں یا غلط جواب دیتے ہیں ' منسٹری جو کچھ ان کو لکھ کر دیتی ہے وہ ہمیں پڑھ کر سنا دیا کریں تا کہ یہ مسئلہ نہ ہو۔ اب کل بھی اسحاق ڈار صاحب کا سوال تھا ہم نے مجبوری سمجھ لی کہ

اچانک چلے گئے ۔ اکثر آتے رہتے ہیں ۔ کچھ منسٹرز تو ایسے ہیں کہ وہ یہاں پر موجود بھی ہوں تو بھی حاضر نہیں ہوتے ہیں۔ یا تو وٹو صاحب ہمیں بتا دیں کہ فلاں فلاں وزارت کے متعلق آپ سوال کیا ہی نہ کریں یا وٹو صاحب پارلیمانی امور کے وزیر ہیں ، جیسا بھی جواب ہو ، غلط ہو ، صحیح ہو ، جیسے بھی ہو ، جو وزارت ان کو لکھ کر دے وہ ہمیں پڑھ کر سنا دیا کریں ۔ ہمیں قبول ہے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میں تو اس کے لئے بھی حاضر ہوں ۔ مجھے اگر بر وقت اطلاع ہو جاتی تو میں اس کے لئے تیار ہوتا۔ باقیوں کے لئے میں تیار ہوں۔ Housing کے لئے ، بر وقت انہوں نے اطلاع دی ہے ۔ میں نے جواب تیار کیا ہے۔

جناب چیئرمین ۔ دیکھیں اس معاملے میں you are the coordinating Minister. You have to lay down a procedure. اگر procedure آپ lay down کریں ، مثلاً اگر وزیر نہیں ہے تو منسٹر کا سکریٹری ہوتا ہے ، اس کی پوری Ministry ہوتی ہے ، they are the persons who should make arrangements. وہ contact کریں ، کوئی بات کریں ۔ Leader of the House ہیں ۔ یہ تو ٹھیک ہے کہ آپ کی mutual adjustments ہوتی ہیں ۔ But to put the responsibility on us and make the House wait for them, یہ بات صحیح نہیں ہے ۔ یہ دنیا میں کہیں نہیں ہوتا۔ I can assure you کہ جس نظام کے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم heir ہیں یعنی British House, سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ وزیر نہ ہو۔ It is not possible.

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! میں یہ سوچ رہا ہوں کہ اس ہاؤس میں جتنی دفعہ وزراء ، میرے بھائیوں کی غیر حاضری کی وجہ سے آپ کی اور ایوان کی ناراضگی مجھے برداشت کرنی پڑی ہے ، میں ان سب کی کاپیاں لے کر اپنے ان دوستوں کو بھجواتا ہوں کہ مہربانی فرما کر وہ یہاں آئیں۔

جناب چیئرمین ۔ وزیر اعظم صاحب کو بھی تو بھجوائیں ۔ کیبنٹ میں یہ مسئلہ اٹھائیں۔ کیبنٹ میں اٹھائیں In the next meeting of the Cabinet take it up کہ یہ میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے ۔ That is your responsibility.

(مداخلت)

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ آپ چاہتے ہیں کہ اداروں کی اہمیت ہو، مگر بدقسمتی یہ ہے کہ حکومت میں ہماری ٹیم کو احساس ہی نہیں ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! بارہا آپ نے ان کو جتایا اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اگر وہ سینٹ میں ذمہ داری پوری نہیں کرتے تو قومی ذمہ داری کیا پوری کریں گے۔ پھر یہ collective ذمہ داری ہے۔ یہ ٹیم ہے اور ٹیم کے طور پر ان کو کام کرنا چاہیئے۔ وزیر اعظم صاحب خود بھی سینٹ میں نہیں آتے۔ کبھی آپ نے دیکھا؟ دو amendments ہوئیں ان کے بعد ایک دفعہ بھی ہم نے وزیر اعظم صاحب کو نہیں دیکھا۔ جناب! اداروں کا احترام ہونا چاہیئے۔ اداروں کا وقت قیمتی ہوتا ہے۔ اس طرح وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ آپ کو پتہ ہے کہ لوگ بڑی دلچسپی سے سوال جواب سنتے ہیں۔ اگر اڑھائی بجے اگر آتا ہے تو تب بھی لوگ سنتے ہیں۔ آپ کو توجہ دینی چاہیئے۔ آپ کے مشوروں پر عمل کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔ منڈ صاحب۔

جناب بشیر احمد منڈ۔ آپ اس stage پر مکتب تو نہیں کھول سکتے وزراء کو سمجھانے کے لئے۔ We cannot have a school for they have to be trained what their duty is لیکن میری respectfully request ہے۔ جو آپ نے ان کو کئی دفعہ فرمایا تو ایک دفعہ as a mark of displeasure آپ meeting کو adjourn کریں۔ تب ہی پرائم منسٹر صاحب کو احساس ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک۔ جناب راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب چیئرمین صاحب! یہ تو بالکل درست ہے کہ وزیر صاحبان نہیں آتے یا کبھی کبھار ان کو کام پڑ جاتا ہے۔ مگر بارہا آپ نے یہ ہدایات بھی کی ہیں کہ جس منسٹری کے سوال پوچھے جائیں اس منسٹری کا کم از کم کوئی responsible عملہ موجود ہو۔ یہاں نہ صرف وزیر بلکہ منسٹری کا بھی کوئی آدمی موجود نہیں ہے۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ سینٹ کو یہ گورنمنٹ کتنی اہمیت دیتی ہے۔ اگر منسٹر صاحب نہیں آ سکتے تھے تو کم از کم ان کا کوئی سیکریٹری آتا اور ہمارے ہاؤس کی feelings منسٹر کو convey کرتا۔ تو یہ انتہائی افسوسناک بات ہے، اس کا کوئی تدارک کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ یہ صحیح ہے۔ راجہ صاحب! I think the Secretary should be made responsible for this. یہ اتنے بڑے بڑے افسر ہیں، ان کا کیا کام ہے۔ یہی تو کام ہوتا

ہے کہ اگر ان کو پتہ چلے کہ آج وزیر نہیں ہے تو he should be here, the Secretary in Grade-22, it is his responsibility. It is not somebody below Section Officer سکیشن افسر کی چٹھی آ جاتی ہے - It is the Secretary who should be made responsible by a direction from you that you have to make alternate arrangement. You have to ensure کہ آپ سوالات کے جوابات کے لئے اگر آپ کے وزیر نہیں ہیں تو کسی اور کو contact کریں، ان کی منت کریں ان کے گھر پہنچیں۔ یہ نہیں کہ سیکشن افسر کو لگا دیا اس طرح کام نہیں چلے گا۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! یہ غیر اطمینان بخش صورت حال ہے ۔میں نے کل پرسوں بھی میاں یٰسین وٹو صاحب سے گزارش کی تھی کہ کوئی بھی صاحب یا ان کا سٹاف آپ کو کہہ دیتا ہے کہ میرے سوال ہیں اور آپ ذمہ داری لے لیتے ہیں۔یہ میرے پاس بیٹھے ہیں - میں نے کہا کہ آپ یہ ذمہ داری لیا ہی نہ کریں۔جب آپ ذمہ داری نہیں لیں گے تو پھر ان میں بھی احساس پیدا ہوگا کہ انہیں یہاں آنا ہے۔ وہ اتنی آسانی سے اپنا معاملہ اور بوجھ آپ پر ڈال دیتے ہیں اور آپ بھی اس کو لے لیتے ہیں۔اور پھر دوسرا وزیر صحیح جواب بھی نہیں دے سکتا۔ نہ وہ اس کا پورا احاطہ کر سکتا ہے۔ نہ ان کا کوئی سٹاف موجود ہوتا ہے کل بھی ان کو chits بعد میں آ رہی تھیں اور یہ جواب پہلے دے رہے تھے۔ یہ صورت حال واقعی درست نہیں ہے لیکن میں آپ سے اتفاق ضرور کروں گا کہ منسٹر کو اول تو ہاؤس سے غیر حاضر نہیں ہونا چاہیئے، specially اس دن جب کہ اس کے اپنے سوالات ہوں یا کوئی اور ایسا ایشو ہو، ایڈجرنمنٹ موشن ہو یا کوئی Call Attention Notice ہو، جس دن بھی اس کا کوئی بزنس ہو اس کو موجود ہونا چاہیئے اور آپ نے جو دوسری بات فرمائی ہے کہ سیکرٹیری کو یہاں ہونا چاہیئے، میں آج ہی اس بارے میں بھی کوئی اہتمام کروں گا۔

Mr. Chairman : Next Question No.35, Anwar Bhinder Sahib.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ میرا ہے جی ۳۳۔

Mr. Chairman : Yes, 33, sorry.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! ۳۲ بھی میرا تھا اور منسٹر

صاحب غیر حاضر تھے۔ میں ایک آدھ منٹ comments دینا چاہتا ہوں۔ یہ اپر ہاؤس ہے اور it is recognized Upper House. جب یہ Upper House ہے تو ہمیں اس پر سوچنا چاہیئے کہ کیا ہم اس ہاؤس کے تقدس کی پامالی کا نوٹس اس ہاؤس کی جانب سے ایسے منسٹر حضرات کو دے سکتے ہیں یا نہیں۔ اس پر سوچا جائے اور کم از کم آپ کی chair حرکت میں آ جائے dynamic Chair بنے اور ان کو نوٹسز جاری کریں۔ منسٹر کو صرف تبلیغ کرنے سے یا ان کے بات کرنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ اس قوم کو تبلیغ کے علاوہ ایک صحیح طریقہ کار بھی چاہیئے ورنہ اس کے بغیر یہ فیڈرل گورنمنٹ function less ہو گی۔ یہ خود ان کے بھی نفع میں ہے۔

33. * Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the Transmission arrangement for Pasni; and

(b) the funds released for the project during the said period?

Mr. Gohar Ayub Khan: (a) Rs. 12.947 million.

(b) Rs. 8.768 million.

Mr Chairman: Supplementary please.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! میں نے سوال کیا تھا کہ پسنی میں transmission arrangements کے لیے کتنا پیسہ رکھا گیا ہے 1998-99 میں، تو انہوں نے جواب میں کہا ہے کہ 12.947 ملین ۔ بہت اچھا ہوا کہ انہوں نے یہ پیسے رکھے لیکن میں آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ پسنی سے تربت تک تو ٹرانسمشن لائن بچھائی گئی ہے۔ جہاں بجلی نہ ہونے اور لوڈشیڈنگ کا چرچہ زبان زد عام تھا اور وہاں احتجاج وغیرہ ہو رہے تھے ۔ ہم نے کئی مرتبہ یہاں سوال اٹھایا کہ جناب وہاں لوڈ شیڈنگ کیوں ہے ؟ یہ ٹرانسمشن لائن بچھی ہوئی ہے اور اس کی یہ حالت ہے لیکن اس کے علاوہ جو پلان تھا وہ یہ تھا کہ پسنی سے گوادر تک بجلی پہنچائی جائے۔ گوادر جہاں deep sea port بنائی جاری ہے، جہاں Forbes کمپنی کے ساتھ معاہدے ہو رہے ہیں ہاں بجلی نہیں ہے۔

میرا پہلا سوال یہ ہے کہ پسنی ٹو گوادر ٹرانسمشن لائن کا کتنے انچ کام ہوا ہے، miles میں یا چند پول کے حوالے سے تو جواب نہیں دے سکتے، چند انچ کا تو بتا دیں تاکہ مجھے اطمینان ہو۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ انہوں نے جو فنڈ ریلیز کئے، رکھے بارہ ملین اور ریلیز کئے آٹھ اور کچھ ملین۔ میرا ان سے دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اتنے پیسے رکھے گئے اور ریلیز کے وقت ان کی کنجوسی کیوں سامنے آتی ہے۔ جب ریلیز کا وقت آتا ہے تو یہ کم پیسے ریلیز کرتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؛ جب کہ دو انجن جل گئے تھے وہ بھی بڑے ٹھیکیداروں کی نظر ہوگئے تھے۔ جن کے لئے میں نے آپ کو تحقیقات کا کہا لیکن ابھی تک تحقیقات نہیں ہوئیں لیکن اس کے علاوہ آپ فنڈز بھی کم دیتے ہیں۔ وہ دو نمبر کا تیل استعمال کرتے ہیں، وہ بھی جلا بیٹھتے ہیں تو کیا اس مسئلہ پر جو کہ ایک ایشو ہے، ان دونوں ضمنی سوالوں کا جواب آپ diplomatically دینا پسند کریں گے یا straight forward.

جناب چیئرمین۔ جی وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! اس میں کوئی شک نہیں کہ جو coastal areas بلوچستان میں ہیں ان میں شدید دقت ہے، no doubt, اور اس کو ہم حل کرنے کی پوری کوشش کررہے ہیں۔ اس سپلیمنٹری کے علاوہ یا جو جواب آیا ہے، بعد میں بھی ایک question ہے لیکن آنریبل حبیب جالب صاحب کو میں جانا چاہتا ہوں کہ پسنی، تربت کی ایک سو چار کلومیٹر کی لائن جو lay کی گئی تھی وہ کمیشن ہوچکی ہے۔ دوسرا تربت روشاب کا 83 کلومیٹر ہے یہ سو فیصد تقریباً مکمل ہوچکی ہے۔ روشاب سے پنجگور 124 کلومیٹر یہ سو فیصد تقریباً مکمل ہوچکی ہے۔ روشاب گرڈ سٹیشن یہ 100% مکمل ہوچکا ہے۔ پنجگور گرڈ سٹیشن 30% ہوچکا ہے۔ اسی طرح گوادر گرڈ سٹیشن 25% ہوچکا ہے۔ یہ چند ایک سکیمز جو ہیں ان میں تین institutions آجاتے ہیں۔ واپڈا اپنے پورے پیسے لگا چکا ہے۔ دوسرا گورنمنٹ آف پاکستان ہے کبھی کبھی ان سے پیسے نہیں آتے اور گورنمنٹ آف بلوچستان ہے۔ ان دو سے ہمیں دقت ہوتی ہے۔ جہاں تک فنڈنگ واپڈا کی ہے وہ ہوچکی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ادھر لکھا ہوا ہے کہ پورے پیسے نہیں پہنچے تو وہ بلوچستان اور فیڈرل گورنمنٹ کے نہیں آئے۔ میں نے سمری بھی پرائم منسٹر صاحب کو بھیجی ہوئی ہے کہ یہ فنڈنگ ہمیں ملے تاکہ ہم کام پورا کریں۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ ڈاکٹر حئی صاحب ۔

ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ ۔ چیئرمین صاحب! وزیر موصوف صاحب کے علم میں بھی ہے کہ اس وقت تربت ضلع اور جو پسنی کا علاقہ ہے وہاں جس حالت میں یہ انجن ہیں' یہ کام کے نہیں ہیں۔ جناب! وہاں پچاس سنٹی گریڈ اور پچپن سنٹی گریڈ درجہ حرارت ہے۔ یقین کیجئے بچے بوڑھے سب تڑپتے رہتے ہیں شدید گرمی میں ۔ اتنی گرمی تربت میں پڑتی ہے کہ جس کی کوئی حد ہی نہیں ہے اور ان کو چوبیس گھنٹے میں سے دو گھنٹے بھی بجلی نہیں ملتی ۔ یہ میں حقیقت آپ کو عرض کررہا ہوں ۔ پسنی پاور پلانٹ ناکارہ ہوچکا ہے۔ اس کا سیکنڈ فیز ہو ہی نہیں سکتا ہے۔ فرسٹ فیز میں ہی اس کے دو انجن ختم ہوگئے ۔ اتنی کرپشن وہاں ہوئی ہے جناب چیئرمین! کہ آپ تصور نہیں کر سکتے۔ جو بے کار موبل آئل تھا وہ اس میں استعمال ہوا ۔ تیل بے کار ترین استعمال ہوا یعنی جو ارزاں ترین ہے ۔ اب وہ ناکارہ ہوچکے ہیں۔ اس کی مرمت نہیں ہوسکتی ہے ۔ میرا وزیر موصوف سے یہ سوال ہے کہ مکران ڈویژن کا مسئلہ جیسے کہ گورنمنٹ نے پالیسی بنائی ہے کہ ایران سے یا main grid station سے یا national grid station سے حل کریں' یہ مسئلہ پسنی پاور پلانٹ سے حل نہیں ہوگا۔ جناب! اس کے دو راستے ہیں' یا تو اس کو national grid station سے ملائیں' پورے مکران ڈویژن کو ' خاران اور ضلع چاغی کو ' تا کہ ان کو بجلی ملے۔ یہاں کھیتی باڑی ہو' یہاں ٹیوب ویلز ہوں۔ یا پھر یہ ہے کہ جو ایران سے بات چیت ہو رہی ہے اس کو expedite کریں ' اس میں جلدی کریں تاکہ لوگوں کو بجلی ملے اور وہ اپنا روزگار کمائیں' لوگ دھوپ اور سردی سے بچیں۔ جناب چیئرمین! اکیسویں صدی ہے اور ہم ایک بلب کے لئے ترس رہے ہیں' اتنی شدید گرمی میں ہمارے لوگ مر رہے ہیں' احتجاج ہو رہے ہیں' لوگ تڑپ رہے ہیں' لوگ مجبوراً پولیس اسٹیشن تک پر حملے کرتے ہیں ۔ میری ان سے گزارش ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ ہو' واپڈا ہو یا provincial government ہو ' لوگ بجلی چاہتے ہیں۔ اس وقت بلوچستان میں آپ کی حکومت ہے' صوبائی حکومت بھی مسلم لیگ کی ہے۔ لوگوں کے مسائل کی طرف توجہ دیں۔

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! جس طرح میں نے پہلے کہا کہ مجھے پورا احساس ہے کہ کتنی تکلیف ہے اس وقت بجلی کے بغیر اور شدید گرمی کا علاقہ ہے۔ باقی

during the said year?

Mr. Mushahid Hussain Syed: (a) The total grant for 1998-99 was Rs.527. 302 million including a Supplementary Grant of Rs. 39. 540 million.

(b) Ministry spent Rs. 478. 064 million during 1998-99.

(c) The Ministry could not spend an amount of Rs. 49.238 million during 1998-99, and was surrendered due to the following reasons:-

(i) Exercising economy measures.

(ii) Closing of Women Sports Board.

(iii) Non-release of funds by Finance Division till the close of Financial year i.e. 30-6-1999.

(iv) Non-filling of vacant posts in Main Secretariat of Ministry, Department of Archaeology and Museums and Central Board of film Censors (CBFC due to ban on recruitment.

(v) Cut imposed by Finance Division on Development Budget in Mid Year review meeting

(d) Nil.

(e) Final Development Grant was Rs. 182.802 million which was fully utilized.

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! یہ supplementary پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کی جو total grant تھی، 1998-99 کے لئے وہ 527.302 تھی اس کے علاوہ supplementary grant بھی مانگی گئی 49.540 لیکن خرچ 478 ہے۔ جب سارے سال میں خرچ 478 ہے تو supplementary grant کی کیا وجہ تھی۔ Supplementary grant کیوں مانگی گئی جب کہ انہوں نے original grant بھی پوری خرچ نہیں کی ۔ اور دوسری بات یہ ہے جناب! کہ

اور non-release of funds by Finance Division with the close of financial year

diesel سے۔ تو یہ درست کہتے ہیں کہ پسنی میں سڑک کے کنارے پہ آپ کو Iranian diesel سستا مل جاتا ہے، ہوسکتا ہے، میں نہیں کہتا ہوں۔ میں نے رپورٹ مانگی ہوئی ہے چیف ایگزیکٹو کوئٹہ سے کہ یہ Iranian diesel یا sub- standard diesel جو سستا بکتا ہے اس کی وجہ سے تو نہیں ہوا۔ جس طرح honourable Senator صاحب کہتے ہیں کہ خراب ڈیزل استعمال کر رہے ہیں۔ آپ کی گاڑی اگر ڈیزل کی ہے تو اس کے nosal خراب ہو جائیں گے۔ انجن پورا تباہ نہیں ہوگا but I have to confirm this sir, confirm کرکے میں ضرور سینٹ کو آگاہ کرسکتا ہوں۔

دوسرا انہوں نے جو فرمایا 12 million سے دس ملین یا آٹھ ملین ریلیز ہوئے ہیں بلوچستان حکومت اور وفاقی حکومت نے جو اپنے counter part funds دینے تھے وہ ہمارے پاس نہیں آئے۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ Next is deferred. Question No.35, Anwar Bhinder Sahib. Answer taken as read, any supplementary question.

5. * Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs be pleased to state:

(a) the total grant sanctioned for the Ministry in the annual budget 1998-99;

(b) the total amount spent by the Ministry during the year 1998-99;

(c) the total amount which the Ministry could not spend out of the said sanctioned budget and surrendered to the Government indicating also the reasons for surrendering;

(d) the excess amount which the Ministry spent in addition to the sanctioned budget till 30-6-1999 indicating also the reasons for spending this amount ;and

(e) the total developmental grant and the amount utilized out of it

اب انہوں نے صرف اس حد تک کیا ہے کہ direct کراچی سے جو تیل لیجایا جائے گا وہ وہاں ڈالا جائے گا۔ لیکن میں ان کے علم میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ ٹھیکیدار کراچی میں جو کوٹہ لیتا ہے وہ وہیں کراچی میں بیچتے ہیں اور تیل وہی Iranian ہوتا ہے جو ڈیزل وہ وہاں نزدیک سے لے کر ڈال لیتے ہیں، پرمٹ وہیں کراچی کا ہوتا ہے اور تیل وہیں کا ہوتا ہے اور وہیں کاغذوں میں تیل لے لیتے ہیں اور کاغذ ہی میں تیل بیچ دیتے ہیں۔ اس صورت میں جو بچا کھچا انجن ہے وہ بھی تباہ ہو جائے گا۔

دوسری بات یہ ہے کہ Government of Balochistan پسنی پاور پراجیکٹ میں اپنا share بہت پہلے دے چکی ہے ' ان کے وزیر اعلیٰ نے بار بار کہا تھا' میرے پاس اس کے documentsہیں اور تیسرا جو میں نے ضمنی سوال کیا تھا وہ یہ تھا کہ آپ نے 12 ملین رکھے تھے' صرف 8 ملین کیوں release کئے ہیں اس کی اصل وجوہات کیا ہیں؟ اس کا جواب مجھے گول مول ملا ہے۔ لہذا میں اس کا جواب clear cut چاہتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جی وزیر پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب! پسنی جنریٹنگ اسٹیشنز ہیں میں sets ہیں ' دو کو over haul کیا گیا تھا اور parts آئے ہوئے تھے' تو جب بڑے انجن کو پورا کھولیں' تو آپ کا یہ جو rostrum ہے اس سے بھی انجن بڑے ہوتے ہیں' ان کو کھولیں تو naturally اس میں تھوڑی بہت teasing problems ہوتی ہیں ' وہ پورا لوڈ نہیں لے رہے' de-rate کئے ہوئے ہیں ' دو اور کو کھول کر کوشش کر رہے ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پسنی میں Iranian diesel بھی ملتا ہے جو سستا ہے۔ لیکن اس کے contents اور جو پاکستانی ڈیزل ہے اس میں فرق ہے۔ یہ چار انجن originally جب import کئے گئے تھے تو ان کو فرنس آئل پر چلنا تھا۔ جب ان کو پسنی میں لگایا گیا تو فرنس آئل پر وہ ٹھیک کام نہیں کر رہے تھے اور یہ انجن multi fuel ہوتے ہیں جس طرح میں نے ابھی کہا شاہدرہ میں جو انجن ہمارے پاس چھ ہیں wasting House کے دو اور FIAT کے چار، یہ گیس پر بھی چل سکتے ہیں' high speed diesel پر بھی چل سکتے ہیں ۔ اسی طرح یہ بھی فرنس آئل پر چلنے چاہئیں تھے کیونکہ سستا پڑتا ہے پھر ان کو تھوڑی conversion کر کے high speed diesel پر کیا ۔ پاکستانی ڈیزل کے contents slightly بہتر ہیں Iranian

بھی areas develop ہوں ۔ اسی لئے پرائم منسٹر کے directive کے تحت ہم ایران سے کوشش کر رہے ہیں کہ وہاں سے پاور مل جائے۔ ایک technical team نے شاید پرائم منسٹر صاحب کو summary بھی بھیج دی ہے ' اس ٹیم کے نام بھی ہم نے propose کر دیئے ہیں جو کہ mid August تک ایران جائے اور جا کر تمام technical feasibility دیکھے کہ جہاں سے inter connection ہو سکتے ہیں۔ Iranian point سے لے کر mund تک یا باقی جو areas ہیں جہاں سے economically ہو سکتا ہے ' اس بجلی کے transmission کی viability, feasibility cost کے بارے میں تمام چیزوں کو دیکھیں تا کہ جلد از جلد ہو سکے۔

اس کے علاوہ میں یہ بھی کوشش کر رہا ہوں کہ ہمارا generating station جو کہ شاہدرہ میں close down کیا ہوا ہے جس کے اندازاً 6 generating sets ہیں ' دو westing house ہیں ' تقریباً 18.5 mega watt rated capacity تھی ' اب پرانے ہو چکے ہیں ' وہ 1966ء ماڈل کے ہیں اور ادھر ہمارے پاس چار 1969ء ماڈل کے ہیں جو کہ Fiat کے ہیں ' وہ بھی اندازاً جب ٹھیک تھے تو 14.5 mega watt بجلی produce کر سکتے تھے۔ میں اگلے ہفتے تک پاور کے Senior Joint Secretary کو لاہور بھیج رہا ہوں ' میرے پاس initial report آئی ہے کہ بہت مہنگا ہو گا ' پرانے ہیں spare parts نہیں ہیں ' drawing نہیں ' اس کو وہاں لیجانا ' shed بنانا ' ڈیڑھ سال لگ جائے گا اور وہ کام کریں گے یا نہیں کریں گے ' یہ انہوں نے لکھ کر بھیجا ہے لیکن میں یہاں سے ' منسٹری سے اپنے Senior Joint Secretary کو بھیج رہا ہوں کہ وہ جا کر ان engines کو دیکھے ' ان تمام چھ کے چھ کو دیکھے اور جو ہو سکتا ہے وہ کرے۔ وہ ہم پہلے پسنی بھیج سکتے ہیں ' economics کیا ہوں گی ' ایران سے پاور آ سکتی ہے ۔ ان چیزوں میں ' میں personal دلچسپی لے رہا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جناب حبیب جالب بلوچ صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! المیہ یہ ہے کہ انہوں نے جس طرح سے اچھے خواب دکھائے اگر یہ خواب زندگی سے نزدیک ہیں تو شاید پورے ہو جائیں گے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پہلے بھی میں نے یہ عرض کیا کہ پسنی پاور پراجیکٹ کا ایک انجن بچتا ہے وہ بھی اس لئے تباہ ہو گیا کہ انہوں نے میرے مسئلے کا نوٹس نہیں لیا کہ وہاں پر دو نمبر کا آئل استعمال ہوا ہے۔

exercise of economy measure دونوں inconsistent چیزیں ہیں۔ اصل بات کیا یہ تو نہیں ہے کہ funds ہی release نہیں ہوئے، economy وغیرہ کوئی نہیں ہوئی، funds release نہیں ہوئے اس لئے کم خرچ ہوئے۔

Mr. Chairman: Minister for Sports

جناب مشاہد حسین: جی دونوں چیزیں صحیح ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ اس میں جو 49 supplementary grants کا ذکر کیا ہے ان میں سے 39 million was given by the part of the cuts of the Finance Division جو last year کی تھی after nuclear test تو وہ وہاں سے withdraw ہوگئے۔ باقی جو 10 million تھا اس میں ہمارے economy measures بھی شامل ہیں۔ 4 9 میں سے جو 39 million تھا that was withdrawn, slashed because of the situation across the line تو 50% cut تھا اس پہ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: اس کا جواب نہیں آیا۔ جو آپ کی original grant تھی وہ پوری خرچ نہیں ہوئی تو یہ supplementary grant کیسے مانگی گئی۔

جناب مشاہد حسین: وہ supplementary میں include ہوا ہے جو 39 million ہے۔ Supplementary ہوتی تو ہم استعمال کرتے it was not even taken by us and that was already slashed as 39 million.

جناب چیئرمین: دیکھیں! supplementary یہ ہوتا ہے کہ آپ کا ایک sanctioned budget ہے، مثال کے طور پہ ہزار روپیہ ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے بیس اور خرچ کر دیئے۔ تو اس کو آپ supplementary grant میں لیتے ہیں۔

جناب مشاہد حسین: انہوں نے total figure دیا ہے۔ میں نے آج صبح بریفنگ لی تھی کہ 39 million was already the one which was already cut off تو supplementary تو پھر بنتا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: تو پھر یہ جواب ہی غلط دیا ہوا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: وہ supplementary grant تو نہ ہوئی جناب۔

جناب مشاہد حسین : بات تو یہ ہے جناب ! کہ ہم نے تو extra پیسہ خرچ ہی نہیں کیا۔ ہم نے تو saving کی ہے۔

جناب چیئرمین : Supplementary grant وہ ہوتی ہے کہ خرچ ہو چکا ہے۔ اس کو کہتے ہیں کہ ہم نے خرچ کر دیا ہے ہمیں supplementary grant supplementary grant دے دیں۔

Mr. Mushahid Hussain Syed: But in this case 39 million was already slashed.

جناب چیئرمین : جناب قطب الدین صاحب۔

خواجہ قطب الدین : جناب ! میرا سوال یہ ہے کہ اس منسٹری کے subjects بہت ہی important ہیں جیسا کہ culture, sports, tourism and youth affairs, so these are all very very important subjects, and they contribute directly to the development of this country. اس کے لئے جو allocation ہے why only 52 crore? This is my first question. The allocation to these subjects indicate that we are not giving the proper and due attention to the subjects. No.1. My second question is how much money has been spent under each of these heads, because then again we will know how much importance we give or how much work has been done under these subjects in the country. Tourism alone requires more than 100 crores, sir, because Tourism is such a big subject and it offers so much of opportunity for development, for earning foreign exchange, for providing employment and even to this important subject we feel 52 crores alone is not enough. So, this is my question.

Mr. Chairman: Minister for Sports and Tourism.

جناب مشاہد حسین : ویسے اس دفعہ ہمیں ذرا زیادہ مل گیا ہے۔ It is 568

ٹورزم کے بارے میں لوگوں کا خیال یہ ہے کہ اس پر تو کافی million,just more than that.

We have the Tourism Corporation. Ideally, organizations like - خرچ ہونا چاہیئے

Tourism,Sports, Television should not be getting any money from the Government,

ابھی ہم کافی خرچ کر رہے ہیں they should be generating enough resources.

For example, for next year, we are also spending - پہ developmental projects

money on developmental projects. We are having visits Pakistan year 2001. 10

For - اس دفع دیا ہے ہم نے Tourists sites کی improvement کے لئے million

example, the biggest problem in Tourist sites has been, the most of the tourist

sites don't even have toilets. اس کے لئے میں نے پہلی مرتبہ گرانٹ لی۔ میں نے کہا کہ

پہلا کام یہ کریں کہ اچھے اور صاف ستھرے باتھ روم بنائیں کیونکہ جو ٹورسٹ آتے ہیں وہ کہاں

جائیں بے چارے۔ 12 million صرف اس کے لئے کیا ہے۔ So, I think, we have a certain

constraints because ours is not the only ministry which gets money from the

Government and unless we have a financial problem which is cleared up. لیکن جتنی

بھی مل جاتا ہے اتنا میرے خیال میں کافی ہے فی الحال اور جتنی activity generate کر لیتے

ہیں I think, that's still quite admirable. Youth کو پیسہ کم ملا ہے وہ زیادہ ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین، جناب عاقل شاہ صاحب۔ ان کو پہلے پوچھ لینے دیں کیونکہ ان کا بھی تعلق ہے ٹورزم سے۔

سید عاقل شاہ: جناب! میں سپورٹس کے بارے میں پوچھنا چاہ رہا تھا مشاہد صاحب سے۔ بات یہ ہے جناب! کہ میں تو حیران ہوں اس بات پر جو انہوں نے کہی ہے کہ this amount was surrendered. جب کبھی کسی sports event کے لئے کوئی پیسہ مانگا جاتا ہے تو Pakistan Sports Board hands up کر دیتا ہے کہ ہمارے پاس کوئی پیسہ نہیں ہے۔

دوسری بات میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ سپورٹس کی مد میں جو انہوں نے پیسے خرچ کئے اس میں سپورٹس کے لئے یا development of sports پہ کتنا خرچ کیا جاتا ہے اور ان کا administrative خرچہ کتنا ہے، ان کی تنخواہوں پہ کتنا پیسہ خرچ ہوتا ہے؟

Mr. Chairman: Minister for Sports.

جناب مشاہد حسین سید: جناب! جو surrender کی بات ہے وہ میں نے کہہ دی
ہے کہ یہ جو 39 million ہے it is only a book entry, it was not even there. دوسری بات
یہ ہے کہ کل ہماری میٹنگ ہے Pakistan Sports Board کے executive کی، جس میں عاقل شاہ
صاحب بھی تشریف لا رہے ہیں۔ All the Sports issues will be discussed. اور اس میٹنگ کا
credit also goes to the Government. We have broadened it. میں نے بلایا ہے سید
عاقل شاہ صاحب کو، ڈاکٹر نشاط ملک صاحب کو، پیپلز پارٹی کے جو ایم این اے ہیں پیر آفتاب شاہ
گیلانی صاحب کو، لطیف آفریدی صاحب ہیں فاٹا سے ان کو، and all these issues will be
discussed tomorrow at the PSB Executive meeting threadbare at 11.00 A.M. at
the PSB. And I also want to say that کہ یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ Pakistan Sports
Board کے executives کی میٹنگ اب quarterly ہوتی ہے۔ پہلے یہ دو سال میں شاید ایک
دفعہ ہوتی تھی۔ اب یہ quarterly ہوتی ہے اور comprehensive ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین: جناب بشیر مٹہ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹہ: جناب میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب یہ
کہتے ہیں کہ ٹورزم ایک ایسا field ہے جس کو اپنے resource خود generate کرنے چاہئیں۔
میرے خیال میں آپ سے جو 2010 کے incharge ہیں انہوں نے یا شاید آپ نے خود فرمایا تھا،
میں نے شاید ریڈیو پر آپ کی تقریر سنی تھی یا ان کی سنی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ آپ نے
2001 کو Tourism کا سال declare کیا ہے۔ آپ نے کس خوشی میں declare کیا ہے۔ جب
آپ کچھ contribute نہیں کرتے الٹا آپ صرف تقریریں کرتے ہیں and the State is not
interested in developing the Tourism industry. because your opinion is that it
should generate its own resources, then why should we have a ministry or a
minister for that matter in the centre for the subject of tourism. اور پھر آپ جانتے
بھی ہیں، propagate کرتے ہیں اور اس کو support نہیں کرتے۔

So, this is a very loop sided policy. What I would request is that Pakistan

being very rich in tourism resource, the Government should pay, as my dear colleague, respected colleague, Mr. Qutabuddin has said, they should give proper consideration to the industry of tourism and developmesnt because the 21st Century will be the century of nature preservation and tourism.

Mr. Mushahid Hussain Syed: There are two different aspects to the honourable member's question. One is the need to promote tourism and project Pakistan as a tourism friendly destination. The second is, the financial budget given to the ministry,

وہ دو مختلف چیزیں ہیں۔ اس ملک میں ٹورزم کے لئے کروڑوں روپے خرچ ہوئے اور میرے خیال
میں ضائع بھی ہوئے۔ The issue is not to pump in more money جو ضائع ہوتا ہے' جو
خرچ نہیں ہوتا ' we are being for the first time using money with lot of sense. 2001
کے لئے proclaim کیا ہم نے visit Pakistan year ایک پریشر ہم پہ بھی آ گیا ہے کہ we
دوسرا have to deliver and Pakistan for the first time will be put on an international
map. اس کے لئے conferences میں کرا رہا ہوں۔ Silk Road کی کانفرنس اس سال ہو رہی ہے۔
Tourism Workshops ہو رہے ہیں اور سارا ٹورزم 80% by the way Frontier and
Northern Areas and that is what we are trying to promote. It is very clear.
صرف پیسہ دینے سے نہیں ہوتا۔ پیسے کا اتنا خرچ ہوا ہے' میرے خیال میں پیسہ بڑا ضائع ہوا ہے۔
زیادہ تر پیسہ ' 80% پیسہ تو تنخواہوں میں جاتا تھا in the past. That is why we want to
have a different approach, اور میرے خیال میں آپ ہمیں credit دیں کہ ہم تو چاہتے ہیں کہ
tourist اور آئیں

and this is the battle not essentially of money, it is a battle of ideas, imagination. You are selling a product and the product is Pakistan tourism.

جناب چیئرمین: قطب الدین صاحب۔

Khawaja Qutabuddin: Sir, this is very important,

اور اس میں جو women development sector ہے

we have a separate ministry for that women in Pakistan are very backward, lot of attention has to be given to that and in sports the women are coming forward. We now have a cricket team, we now have a hockey teamand there are many sports which can be developed. So, I am really surprised to see here that the ministry has closed the Women Sports Board. What is the reason for that. Are we not going to give any incentive to the women sports? And my second question again is, that was the first one I had asked, that how much amount is being spent under each subject? Out of 52 crores how much amount is being spent for culture, how much amount is being spent for sports, how much amount is being spent for tourism and subsequently for youth affairs?

Mr. Chairman: Minister for Sports and Culture.

Mr. Mushahid Hussain: Sir, first of all the second question first. I don't have the specific heads. Over all

168 million rupees is then split and divided into the National Council of یہ ہے کے

I can collect ہے specific data جو Arts, the Lok Virsa and the related organizations.

it and give it to him. And as far as the Women Sports Board is concerned, it

was constituted for a particular purpose to have the Islamic Women Sports

main plea was that, Women Organization in 1997, اس وقت وہ cancel ہوگیا تھا

Sports Development is not necessarily linked with having a separate Women

Sports Board. وہ activities ساتھ چل رہی ہیں اور کرکٹ کی بات کرتے ہیں تو تین

and there are three different associations ابھی ہیں Women Cricket Associations

which are fighting with that.

جناب چیئرمین: زاہد خان صاحب۔

جناب زاہد خان : شکریہ جناب۔ جناب! ٹورزم کے متعلق آنریبل منسٹر صاحب نے خود کہا ہے، ہم خود اس کمیٹی کے ممبر ہیں اور انہوں نے خود کہا ہے کہ زیادہ ٹورزم ہمارے صوبے میں ہے اور پھر جس ڈویژن سے میں تعلق رکھتا ہوں، مالاکنڈ ڈویژن، زیادہ تر اسی میں ٹورزم ہے۔ اس میں hill areas ہیں، برف ہے اور بھی بہت سارے قدرتی مناظر ہیں۔ جناب چیئرمین! جب میں نے تجویز دی تو آنریبل منسٹر صاحب نے کہا کہ یہ تو بہت اچھی تجویز ہے۔ میں ہیلی کاپٹر کا انتظام کرتا ہوں اور ہم نے چترال جانا ہے۔ ہمارے چیئرمین صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ہم نے لیٹر لکھا کہ آپ انتظام کر دیں، ہم فلاں تاریخ کو جا رہے ہیں تو منسٹری سے جواب آیا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں، ہم نہیں جا سکتے۔ جناب! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے ورکشاپ کی، ہم نے سیمینار کیا۔ آپ نے سیمینار کہاں کئے ہیں۔ آپ نے سیمینار میریٹ ہوٹل میں کئے، ائرکنڈیشنڈ میریٹ ہوٹل میں بیٹھ کر پیسہ ضائع کیا۔ سر، آپ خود بھی چترال گئے ہیں، آپ کے پاس سڑکیں ہی نہیں ہیں، آپ کے پاس کمیونیکیشن نہیں ہے، بجلی نہیں ہے، ٹیلی فون نہیں ہے، آپ کے ٹی وی کی نشریات وہاں نہیں آتی ہیں، آپ کیسے ڈویلپ کرتے ہیں۔ جناب! ایک نئی بات سن لیں، ابھی جب ہماری سب کمیٹی کی میٹنگ ہو رہی تھی تو منسٹر صاحب تو نہیں تھے لیکن منسٹری کے لوگ آئے اور ان لوگوں نے کیا کیا ہے کہ کنسلٹنٹ باہر سے بلوائے ہیں اور ان کو ادا کریں گے۔ منسٹر صاحب بتا دیں کہ کتنی تنخواہ ان کو دی جائے گی، کتنے لوگ ہیں۔ کیا اپنے ملک میں کنسلٹنٹ ختم ہو گئے تھے۔ پہلے بنیاد تو بنائیں، consultancy تو بعد کی بات ہے۔ جب آپ کے پاس بنیاد نہیں ہے تو باہر سے لوگوں کو بلا کر تنخواہیں کیوں دے رہے ہیں۔ کیا یہ حکومت، ملک اور قوم کا پیسہ ضائع نہیں جا رہا ہے۔ اس سے قوم اور ملک پر بوجھ نہیں پڑتا ہے۔ آپ کیوں ضائع کر رہے ہو۔

جناب چیئرمین : جناب منسٹر صاحب۔

جناب مشاہد حسین : پہلی بات تو یہ ہے کہ ان کے سوال کے جواب میں، میں نے خود offer کی تھی کہ I would go there personally. اس وقت there were certain situations of national emergency, we could not go there. میں نے ان کو commitment دی ہے کہ اسی summer میں جائیں گے، انشاء اللہ ہیلی کاپٹر لے کر جائیں گے اور ہیلی کاپٹر

میں کسی نہ کسی طرح حاصل کر لوں گا وہ میں کر لوں گا۔ ان کی particular constituency میں جو جگہ ہے اس کا تعلق ہے۔ دوسری بات ہوئی consultancy کی۔ شکر کریں کہ مفت کا پیسہ ملا ہے یو این ڈی پی کا۔ ہمارا پیسہ نہیں ہے، وہ ہم ان سے لگوائیں گے۔ United Nations کو کہا ہے، ورلڈ ٹورزم آرگنائزیشن کو کہا ہے، یہ پراجیکٹ ختم ہونے والا تھا۔ When I took over as Minister, I sought it with them, میں نے کہا کہ آپ لوگ پیسہ دیں۔ وہ پراجیکٹ ختم ہو رہا تھا کہ جی یہ نہیں ہو رہا، وہ نہیں ہو رہا۔ I talked with Mr. Ishaq Dar اور ہم نے approve کروائے۔ وہ پیسہ باہر سے آ رہا ہے اور باہر والے دے رہے ہیں۔ ٹورزم ڈویلپمنٹ ماسٹر پلان 2011 کے لئے باہر سے expert بلائے ہیں اور equivalent number of experts, by the way پاکستان سے ہیں اور پاکستان کے experts کے لئے ہم نے ایڈورٹائز کیا ہے۔ ایک کمیٹی بنائی ہے جس سے میرا یا کسی اور کا کوئی تعلق نہیں، Chairman PTDC- senior Joint Secretary, M.D., PTDC اس کمیٹی میں ہیں۔ اس کمیٹی نے فیصلہ کیا یہ لسٹ دے کر۔ ہم نے بڑا transparent process کیا ہے۔ ایسی فکر نہ کریں کہ ہمارا پیسہ ضائع ہو رہا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بس جی، آپ کے کافی سوال ہو گئے ہیں۔ اب مندوخیل صاحب کی باری ہے۔ وہ بھی بلوچستان کے ہیں۔

صوبیدار خان مندوخیل: جناب! مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں باتیں بہت ہوتی ہیں اور کام کچھ نہیں ہوتا ہے۔ جیسے ابھی منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ سیمینار ہو رہا ہے، یہ ہو رہا ہے، وہ ہو رہا ہے اور انہوں نے خود agree کیا ہے کہ پچھلی حکومتوں نے tourism کا پیسہ خورد برد کیا ہے۔ اصلی جگہوں پر نہیں لگایا ہے۔ اس پر سب سے پہلے میرا یہ سوال ہے کہ جن لوگوں نے پیسہ خوردبرد کیا ہے کیا ان میں سے کسی کو قانون کے مطابق سزا ملی ہے یا کسی کو پکڑا ہے کہ یہ پیسہ کیوں خوردبرد ہوا ہے۔

دوسرا یہ ہے کہ all over Pakistan بہت سے ایسے علاقے ہیں جہاں tourism کو ترقی دی جا سکتی ہے۔ جیسے زیارت، سوات، فرنٹیئر، پنجاب میں بہت سی جگہیں ہیں، ان کے لئے جیسے

